**23.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ضمیررضوی

**Music**

---------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت خلائی شعبے کی ٹیکنالوجیوں میں تیزی سے پیش قدمی کررہا ہے۔

☆ وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ امریکہ کے ساتھ تجارتی مذاکرات جاری ہیں۔

☆ اتراکھنڈ کے Tharali تحصیل میں بادل پھٹ جانے سے بڑے پیمانے پر نقصان ہوا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج مشرقی راجستھان کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ بھارت کے 21 سال تک کے عمر کے مرد کھلاڑیوں کی ٹیم نے کینیڈا میں عالمی تیر اندازی یوتھ چمپئن شپ میں پہلی بار 2025 کا جونیئر عالمی اعزاز جیتا ہے۔

☆ اور بھارت کی ایئر رائفل مکسڈ ڈبلز کی ٹیم ارجن Babuta اور Elavenil Valarivan نے ایشیائی نشانے بازی چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

-------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-SPACE DAY**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، سیمی کرائیوجینک انجن اور الیکٹرک Propulsion جیسی اُبھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور جلد ہی گگن یان مشن کو لانچ کرے گا۔ وزیراعظم نے آج کہا ہے کہ آنے والے دنوں میں بھارت اپنا خلائی اسٹیشن تعمیر کرے گا۔ اپنے ویڈیو پیغام میں وزیراعظم نے سائنسدانوں اور سبھی نوجوانوں سمیت خلائی شعبے سے وابستہ سبھی افراد کو خلاء کے قومی دن کے موقع پر مبارک باد پیش کی۔ جناب مودی نے کہا کہ مختصر وقت میں ہی خلاء کا قومی دن، نوجوانوں میں جوش بھرا موقع بن گیا ہے اور انہیں راغب کررہا ہے۔

**1400-PM Space Day Theme+ Youth**

جناب مودی نے مزید کہا کہ خلاء کا شعبہ ایک کے بعد ایک سنگ میل عبور کررہا ہے اور گزشتہ 11 سال میں حکومت نے خلائی شعبے میں کئی اصلاحات نافذ کی ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ ’اسپیس-ٹِک‘ اب بھارت میں حکمرانی کا حصہ بن رہا ہے۔

**1400- PM Private Sec Startup**

وزیراعظم نے مزید کہا کہ فصل بیمہ اسکیموں میں سٹیلائٹ پر مبنی تخمینے شامل کئے جارہے ہیں، ماہی گیروں کو سٹیلائٹ کے ذریعہ حفاظتی معلومات اور آفات سے نمٹنے سے متعلق مدد فراہم کی جارہی ہیں اور پی ایم گتی شکتی ماسٹر پلان میں Geospatial اعداد وشمار کا استعمال کیا جارہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ خلائی شعبے میں بھارت کی ترقی سے ملک کے عام لوگوں کی زندگی آسان ہورہی ہے۔x

**PM-JAPAN-CHINA VISIT**

وزیر اعظم نریندر مودی اس ماہ کی 29 تاریخ کو جاپان اور چین کے چار روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ جناب مودی 29 اور 30 اگست کو جاپان میں 15 ویں بھارت-جاپان سالانہ چوٹی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ یہ وزیر اعظم جناب مودی کا جاپان کا 8 واں دورہ ہوگا اور جاپان کے وزیر اعظم Shigeru Ishiba کے ساتھ پہلی چوٹی کانفرنس ہوگی۔ جناب مودی کے دورے کے دوران دونوں وزراء اعظم بھارت اور جاپان کے درمیان دفاع، سکیورٹی، تجارت، معیشت، ٹکنالوجی و اختراع سمیت خصوصی کلیدی اور عالمی شراکت داری کے معاملوں کا جائزہ لیں گے۔ دونوں رہنما علاقائی اور عالمی اہمیت کے معاملات پر بھی تبادلۂ خیال کریں گے۔

دورے کے دوسرے مرحلے میں، وزیر اعظم چین کے Tianjin میں شنگھائی تعاون تنظیم چوٹی کانفرنس میں شرکت کیلئے 31 اگست سے یکم ستمبر تک چین کے دورے پر ہوں گے۔ چوٹی کانفرنس کے موقع پر، وزیر اعظم جناب مودی کئی عالمی رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ میٹنگیں بھی کریں گے۔ بھارت 2017 سے شنگھائی تعاون تنظیم کا رکن رہا ہے۔ بھارت 2022-23 کے دوران SCO کے سربراہانِ مملکت کی کونسل کا صدر رہ چکا ہے۔x

**JAISHANKAR**

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان تجارتی بات چیت ابھی بھی چل رہی ہے۔ انہوں نے یہ بات آج نئی دلّی میں اکنامک ٹائمس ورلڈ لیڈرس فورم 2025 سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت نے مال تیار کرنے والے چھوٹے کارخانہ داروں اور کسانوں کے مفادات کا تحفظ کرنے کا تہیہ کررکھا ہے۔ x

## US-ENVOY INDIA APPOINTMENT

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اپنے قریبی ساتھی Sergio Gor کو، بھارت میں امریکہ کا نیا سفیر مقرر کیا ہے۔ وہ بھارت کے سفیر کے علاوہ جنوبی اور وسطی ایشیاء کیلئے امریکہ کے خصوصی ایلچی بھی ہوں گے۔ Truth سوشل پر ایک پوسٹ میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ دنیا کے سب سے زیادہ آبادی والے خطّے کیلئے، انہیں کسی اپنے بھروسے مند شخص کی ضرورت تھی، جو ان کے ایجنڈے کو عملی جامہ پہنا سکے اور امریکہ کو دوبارہ عظیم بنانے میں معاون ثابت ہو۔ گور (Gor)/، Eric Garcetti کی جگہ لیں گے، جو 11 مئی 2023 سے اس سال 20 جنوری 2025 تک بھارت میں امریکہ کے سفیر رہے تھے۔x

## GST COUNCIL MEETING

GST کونسل کی 56 ویں میٹنگ اگلے ماہ کی 3 اور 4 تاریخ کو نئی دلّی میں ہوگی۔ مرکزی وزیر خزانہ محترمہ نرملا سیتا رمن میٹنگ کی صدارت کریں گی۔x

## BIHAR TEXTILES SUMMIT

آج پٹنہ میں تکنیکی ٹیکسٹائل اور وِکست بھارت کے موضوع پر ایک قومی میٹنگ کا اہتمام کیا گیا، جس میں ملک کی ترقی میں تکنیکی ٹیکسٹائل کے رول پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ پٹنہ کے Gyan بھون میں اِس قومی میٹنگ میں مختلف صنعتی اداروں، سرکاری محکموں، اسٹارٹ اَپ محققین اور دیگر ماہرین نے اِس تبالۂ خیال میں حصہ لیا اور کہا کہ زراعت، صحت کی دیکھ بھال اور بنیادی ڈھانچے وغیرہ کیلئے تکنیکی ٹیکسٹائل بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ اِس موقع پر ٹیکسٹائل کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ اور اِسی محکمے میں وزیرِ مملکت Pabitra Margherita اور بہار کے دیہی ترقی کے وزیر Shrawan کمار نے بھی اظہار خیال کیا۔

## BIHAR ACCIDENT

بہار کے پٹنہ ضلعے میں Daniyawan تھانے کے تحت ایک سڑک حادثے میں کم سے کم 8 افراد کی موت ہوگئی اور پانچ دوسرے زخمی ہوگئے ہیں۔ پولیس نے بتایا ہے کہ یہ حادثہ Daniyawan میں ریاستی شاہراہ پر Sigriyawa اسٹیشن کے پاس ، اُس وقت پیش آیا، جب ایک ٹرک آٹو رکشا سے ٹکرا گیا۔ اِس کی وجہ سے 8 افراد نے موقع پر ہی دم توڑ دیا۔ پانچ زخمیوں کو پٹنہ کے PMCH اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ تمام مرنے والے افراد Nalanda ضلعے میں Hilsa تھانے کے تحت آنے والے علاقے کے مکین تھے۔ x

**UTTARKHAND CLOUDBURST**

اتراکھنڈ کے چمولی ضلع میں بادل پھٹ جانے کے واقعے سے Tharali تحصیل میں بڑے پیمانے پر نقصان ہوا ہے۔ رہائشی عمارتیں، دکانیں، سرکاری ادارے حتیٰ کہ سب ڈویژنل مجسٹریٹ کی رہائش گاہ اور تحصیل دفتر بھی ملبے میں دب گئے ہیں۔ کئی گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ موسلادھار بارش سے آس پاس کا علاقہ بھی متاثر ہوا ہے۔ ان حالات کے پیش نظر ضلع انتظامیہ نے آج بارھویں جماعت تک کے تمام اسکولوں میں چھٹی کا اعلان کیا ہے اور آنگن واڑی مرکز بھی Tharali تحصیل میں بند رہیں گے۔ ایڈیشنل ضلع مجسٹریٹ وویک پرکاش نے آکاشوانی نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متاثرہ لوگوں کیلئے امدادی کیمپ قائم کئے گئے ہیں۔

**SB - 0905 - Dehradun Vivek Byte**

اِسی دوران موسمیات کے محکمے نے دہرہ دون، نینی تال، باگیشور اور پتھورا گڑھ اور کچھ دوسرے علاقوں میں تیز سے بہت تیز بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ **x**

**RAJASTHAN-RAINS**

مشرقی راجستھان میں جاری شدید بارش کی وجہ سے کوٹہ، بُندی، بارَن اور سوائے مادھوپور ضلعوں میں سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے ریاست کے چتوڑ گڑھ اور بھِلواڑہ میں آج شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے علاوہ دیگر کئی ضلعوں میں Yellow الرٹ اور 9 ضلعوں میں اورینج الرٹ جاری کیا جاچکا ہے۔ بُندی ضلع کے Nainwa میں 50 سینٹی میٹر بارش درج کی گئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بُندی، کوٹہ، ٹونک، کرولی، بارَن، جے پور اور سوائے مادھوپور ضلعوں کے مختلف مقامات پر موسلادھار بارش کا اندراج کیا گیا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C jitendra Diwidi**

*راجستھان کا **Hadoti** خطہ موسلادھار بارش سے سب سے زیادہ متاثر ہے۔ دیگر کئی علاقے بھی پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ کئی گاؤوں کا ضلع صدر مقام سے رابطہ ٹوٹ چکا ہے۔ شدید بارش سے شہری اور دیہی علاقوں میں کافی نقصان ہوا ہے اور افرا تفری پھیل گئی ہے۔ کوٹہ میں دلّی-ممبئی ایکسپریس وے پر ٹریفک روک دیا گیا ہے۔ **NDRF** اور **SDRF** کے ساتھ متاثرہ علاقوں میں راحت اور بچاؤ کارروائیوں کیلئے فوج کو تعینات کیا گیا ہے۔ صورتحال کو دیکھتے ہوئے راجستھان کے کئی ضلعوں میں آج اسکولوں کیلئے تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس دوران لوک سبھا اسپیکر اوم برلا، کوٹہ ڈویژن کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کررہے ہیں۔*

*جے پور سے جتیندر دویدی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ......*

**PAK-GLACIER**

پاکستان کے قبضے والے گلگت - بلتستان کے Ghizer ضلعے میں گلیشئر کے پھٹ جانے سے 300 سے زیادہ دکانیں اور گھر تباہ ہوگئے ہیں۔ اس کے علاوہ، وہاں شدید سیلاب آنے کی بھی خبر ہے۔ سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ امدادی اہلکاروں نے کم سے کم 200 افراد کو محفوظ جگہوں پر پہنچانے کی تصدیق کی ہے۔ بہت سے علاقوں میں پانی بھر گیا ہے اور بڑے پیمانے پر مالی نقصان ہوا ہے۔ x

**CHINA-TYPHONE**

چین کی صوبائی موسمیاتی بیوروں نے آج خبر دی ہے کہ اس سال کا تیرہواں طوفان Kajiki چین کے Hainan جزیرے کی جانب بڑھ رہا ہے۔ طوفان Kajiki کا مرکز Hainan sanya شہر کے سمندری علاقے میں 770 کلومیٹر مشرق میں واقع تھا۔ اس کے 25 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے مغرب و شمال مغرب کی جانب جاری رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اتوار کی شام تک اس کے Hainan جزیرے کے جنوبی ساحل کے قریب پہنچنے کا امکان ہے۔

**SPORTS ARCHERRY**

مردوں کی تیراندازی کی 21 سال سے کم عمر کی کمپاؤنڈ بھارتی ٹیم نے، پہلی مرتبہ 2025 ورلڈ Archery یوتھ چمپئن شپ جیت لی ہے۔ بھارتی ٹیم نے کینیڈا میں اس بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ کُشل دلال، Mihir Apar اور گنیش منی رَتنم پر مشتمل بھارتی ٹیم نے سونے کے تمغے کیلئے کھیلے جانے والے مقابلے میں 233 کے اسکور کی برابری کے بعد شوٹ آف میں جرمنی کو شکست دی۔x

**SHOOTING**

بھارت کی ایئر رائفل مکسڈ ڈبلز کی ٹیم ارجن Babuta اور Elavenil Valarivan نے ایشیائی نشانے بازی چیمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ یہ چیمپئن شپ قزاخستان کے شہر Shymkent میں ہورہی ہے۔ بھارتی کھلاڑیوں نے چین کی جوڑی Peng Xinlu اور LU Dingke کو 17-11 سے ہرایا۔ x

**WRESTLING**

بلغاریہ کے Samokov میں انڈر ٹوئینٹی عالمی چمپئن شپ کشتی مقابلے کے خواتین کے زمرے میں کل بھارت کی کاجل دوچک نے سونے کا تمغہ جیتا جبکہ شروتی اور سارِیکا نے کانسے کے تمغے حاصل کیے۔ مردوں کے Greco Roman، 60 کلوگرام

زمرے میں بھارت کے پہلوان سورج نے فرانس کے Lucas Go Grasso کو ہرا کر کانسے کا تمغہ جیتا۔ مقابلے میں اب تک بھارتی پہلوانوں نے کُل 9 تمغے جیتے ہیں جن میں 2 سونے، 4 چاندی اور 3 کانسے کے تمغے ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆